نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ڈیوس روڈلاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

# پریس ریلیز

## محکمہ زراعت پنجاب نے 20 جون تک کپاس کی بہتر نگہداشت کے لئے سفارشات جاری کر دیں

**لاہور:06جون2025:** ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق اگیتی کپاس کی فصل جو کہ 70 تا 90 دن کے دورانیے میں فیلڈ میں موجود ہے، اس پر 15 تا 20 ٹینڈے و کلیاں موجود ہیں اور اس میں بلاتعطل اضافہ کیلئے کپاس کے کاشتکار ڈیرھ بوری CAN گوارہ کھاد کا استعمال 15 تا 20 دن کے وقفے سے کریں۔ علاوہ ازیں، زنک، بوران اور پوٹاشیم سلفیٹ کا استعمال بھی 15 دن کے وقفے سے کریں تاکہ کپاس کی فصل گرمی کے دباؤ سے محفوظ رہے۔ ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ کپاس کی فصل سے اچھی پیداوار حاصل کرنے کے لئے زنک سلفیٹ 33 فیصد بحساب 5 کلو گرام یا 21 فیصد بحساب 10 کلو گرام اور بورک ایسڈ 17 فیصد 2.5 کلو گرام یا بوریکس 11 فیصد 3.5 کلو گرام فی ایکڑ محکمہ زراعت پنجاب کے مقامی زرعی ماہرین کے مشورہ سے استعمال کریں۔ زنک اور بوران سپرے کرنے کی صورت میں اس کے تین سپرے بوائی کے بالترتیب 45،60 اور 90 دن بعد کریں۔ سپرے کا محلول بنانے کیلئے بورک ایسڈ (17 فیصد) 300 گرام، زنک سلفیٹ (33 فیصد) 250 گرام اور کپڑے دھونے والا سرف 50 گرام 100 لٹر پانی میں حل کریں۔ سپرے صبح یا شام کے وقت اوپر والے پتّوں پر کریں۔ ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے متنبہ کیا کہ کاشتکار دوپہر کے وقت سپرے سے اجتناب کریں کیونکہ اس سے پتوں کے جھلساؤ کا خطرہ موجود ہوتا ہے۔ مزید براں، کپاس کے کاشتکار 30 دن کی کاشتہ فصل کی چھدرائی کا عمل مکمل کریں۔ ٹرپل جین اقسام جو گلابی سنڈی کے خلاف قوتِ مدافعت رکھتی ہیں، اُن پر پھول نکلنے سے قبل ترجیحاً 25 تا 30 دن کی کاشتہ فصل پر گلائیفوسیٹ بلحاظ 1800 ملی لیٹر فی ایکڑ استعمال کریں۔

☆☆☆☆